# 8 پَر پھیلائیں، اُڑتے جائیں

4312CH08






2019-20




© NCERT not to be republished




اُلّو بولا۔ اب یہ شور وغل بند کرو؟ یہ کیسا جھگڑا؟ ہم سبھی میں کچھ نہ کچھ خاص ہے۔ ہمارے پَر، پنجے، چونچ اور بولی الگ الگ ہیں مگر ہم سبھی پرندے ہیں۔ سوچو اگر ہم سب ایک جیسے دکھائی دیتے اور ایک سا کھاتے، بولی بھی ایک سی ہی ہوتی تو کتنی بے رنگ ہوتی یہ دنیا!

* سبق میں جن پرندوں کے نام آئے ہیں، اُن میں سے تم نے کس کس کو دیکھا ہے؟ ان کے نام لکھو۔

__________ __________ __________ __________

__________ __________ __________ __________

اب باہر جا کر دیکھو۔ تمھیں کتنے پرندے دکھائی دیتے ہیں۔ پیڑ پر، میدان میں، پانی میں اور جھاڑیوں کے آس پاس۔

* ٹیبل میں پرندوں کے نام بھرو اور اُس جگہ پر ✓ نشان لگاؤ جہاں تم نے اُسے دیکھا تھا۔
اگر تمھیں پرندے کا نام نہیں معلوم ہو تو اس کی کوئی پہچان لکھو۔

---

اگر بچے باہر پرندوں کو دیکھیں گے تو کاغذ پر اُن کی تصویر کو آسانی سے پہچان سکیں گے۔ خالی جگہوں کو بھرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ بچوں کو پرندوں کی خصوصیات کا علم ہو خواہ وہ ان کے نام نہ جانتے ہوں۔

© NCERT not to be republished

| پرندے کا نام | جہاں تم نے دیکھا ہے | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | پانی میں | پیڑ پر | زمین پر | گھر میں | اُڑتے ہوئے |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

کیا تم نے غور کیا ہے کہ مختلف پرندوں کی چونچ بھی مختلف ہوتی ہیں؟ نیچے کچھ پرندوں کی چونچ کی تصویریں ہیں۔ ان کو غور سے دیکھو۔ یہ کن پرندوں کی چونچیں ہیں۔ اُن کے نام لکھو۔ خالی خانے میں کسی اور پرندے کی تصویر بناؤ اور اس کا نام لکھو۔








بچوں میں پرندوں کے تئیں دلچسپی میں اضافہ کرنے کے لیے انھیں خاموشی سے چڑیوں کو بغور دیکھنے دیا جائے۔ انھیں اپنے مشاہدے کو نوٹ کرنا بھی آنا چاہیے اور اُن سے کہا جائے کہ کمرۂ جماعت میں سبھی کو بتائیں۔


© NCERT not to be republished



جس طرح پرندوں کی چونچ الگ الگ قسم کی ہوتی ہیں اسی طرح اُن کی خوراک بھی مختلف ہوتی ہیں۔
کوئی پھل کھاتا ہے تو کوئی بیج، کوئی انڈے کھاتا ہے تو کوئی مچھلی۔



تصویر میں دیئے ہوئے پرندوں کو ان کی غذا کے ساتھ جوڑو۔



© NCERT not to be republished

کیا تم نے کبھی غور کیا ہے کہ پرندوں کے اُڑنے، چلنے اور گردن گھمانے کے طریقے الگ الگ ہوتے ہیں۔ مینا جھٹکے سے اپنی گردن آگے پیچھے کرتی ہے۔ اُلّو تو اپنی گردن کو کافی پیچھے تک گھما سکتا ہے۔ کیا تم بھی ایسا کر سکتے ہو؟

کچھ پرندے ایسے ہوتے ہیں جو ہماری آواز کی نقل کر سکتے ہیں۔ کیا تم ایسے کسی پرندے کا نام جانتے ہو؟ اس کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ، اس میں رنگ بھرو اور اس کا نام بھی لکھو۔

باہر کھلے میں جاؤ اور پرندوں کو دیکھو کہ وہ کیسے چلتے ہیں اور گردن کیسے ہلاتے ہیں؟ ان کے پَر کیسے ہیں اور اُن کی آوازیں بھی سنو۔ کسی تین پرندوں کی آوازوں کی نقل کرو۔ ان کے گردن ہلانے کے انداز کی بھی نقل کرو۔ اپنے ساتھیوں سے کہو کہ وہ پہچانیں کہ تم نے کس پرندے کی نقل کی ہے۔

پرندوں کے پَر مختلف رنگ، سائز اور نمونوں کے ہوتے ہیں۔ ان کے پَر اُڑنے میں مدد کرتے ہیں اور ان کے بدن کو گرم بھی رکھتے ہیں۔ وقتاً فوقتاً پرندوں کے پُرانے پَر جھڑ جاتے ہیں اور نئے پَر نکل آتے ہیں۔ تم نے بھی پرندوں کے گرے ہوئے پروں کو اکثر دیکھا ہوگا۔

پرندوں کے گرے ہوئے پروں کو اکٹھا کرو۔ ان کے رنگ روپ اور ہیئت پر بات چیت کرو۔ کسی پرندے کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ اور اُس پر پَر چپکاؤ۔ اُس کا نام لکھو۔

* پرندوں کے علاوہ اور کون کون سے جانور اُڑ سکتے ہیں۔

____________ ____________ ____________

____________ ____________ ____________

© NCERT not to be republished


* اگر تم بھی پرندوں کی طرح اُڑ سکتے، تو تم کہاں جاتے؟ کیا کیا کرتے؟



اگر پرندے اُڑ نہ سکیں۔ بس اپنے پیروں پر ہی چلیں تو کیا ہوگا؟



## آؤ بنائیں مرغا



ایک چوکور کاغذ لو۔

1۔ اسے تصویر کے مطابق نقطوں والی لائن کی جگہ سے موڑو۔

2۔ تصویر میں دکھائے گئے نقطوں والی لائن سے کاغذ کو آدھا موڑو۔

3۔ اب کاغذ کو نقطوں کی لکیر (......) سے تیر کے نشان کی طرف موڑو۔

4۔ تصویر میں دکھائے گئے طریقے سے کاغذ کو موڑ کر مرغ کی چونچ بناؤ۔

5۔ اب لال رنگ کے کاغذ کو مرغ کی کلغی کی شکل میں کاٹ کر اس کے سر کے اوپر چپکا دو۔

6۔ ایک چھوٹے سے کالے رنگ کے کاغذ کو گول کاٹ کر مرغ کی آنکھ بنا کر جگہ چپکا دو۔

**بس ہو گیا تمہارا مرغا تیار!!**

© NCERT not to be republished